جامعہ کے شب و روز

رپورٹ: محمد عبداللہ سلفی

فضیلۃ الشیخ اسماعیل محمد صاحب حفظہ اللہ کے اعزاز میں الوداعی تقریب

حضرت الشیخ اسماعیل محمد صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ مالدیپی عرصہ اٹھائیس برس سے وزارت ”شـئـون الاسلامیہ سعودی عرب“ کی جانب سے جامعہ سلفیہ میں مبعوث تھے۔ آپ ایک شریف النفس، شرم وحیا کے پیکر، سادگی و نفاست پسند، متحمل مزاج بردبار، طلبہ کے مشفق، مہربان، اساتذہ سے خوش اخلاق، وقت کے پابند، ایک ہونہار کارکن، جامعہ کے رہنما اور ہر دل عزیز انسان تھے۔

اس ماہ آپ ریٹائرڈ ہو رہے تھے اسی مناسبت سے جامعہ سلفیہ نے 5 صفر المظفر 1426ھ بمطابق 16 مارچ 2005ء بروز بدھ بعد از نماز ظہر آپ کے اعزاز میں الوداعی تقریب منعقد فرمائی جس میں نائیجیرین سفیر مسٹر عمر الغاش، الشیخ عبدالرحمٰن عبداللطیف المحمود، نائب مدیر مکتب دعوۃ اسلام آباد حاجی محمد اسحاق صاحب مسئول مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ اور مولانا عبد الواحد اور مولانا عبدالرشید صدیقی صاحب کی قیادت میں بلتستان سے بھی ایک وفد تشریف لایا۔ وفد کے ہمراہ رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمٰن طاہر بھی تھے۔

فیصل آباد انٹرچینج پر پرنسپل جامعہ سلفیہ چوہدری محمد یٰسین ظفر صاحب، مفتی عبدالحنان زاہد صاحب، مولانا کاشف رندھاوا صاحب، مولانا نجیب اللہ طارق صاحب نے بعض اساتذہ وطلبہ کے ہمراہ معزز مہمانوں کا فیصل آباد آمد پر تپاک استقبال کیا۔ بعد ازاں جامعہ تشریف لائے تقریباً 2 بجے مہمانانِ گرامی مسجد میں داخل ہو رہے تھے تو قاری ریاض صاحب مدرس جامعہ سلفیہ کی تلاوت جاری تھی۔

تلاوت کے بعد جامعہ کے نائب شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ نے عربی میں اور پھر رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمٰن طاہر صاحب نے اردو میں سپاسنامہ پیش کیا۔ جسمیں مہمانانِ گرامی کو خوش آمدید کہتے ہوئے انکا شکریہ ادا کیا گیا اور بتایا کہ آج کی تقریب شیخ اسماعیل محمد صاحب کے اعزاز میں ہے۔ اور مختصر جامعہ کا تعارف بھی پیش کیا گیا۔

پروفیسر یٰسین ظفر صاحب چوہدری پرنسپل جامعہ سلفیہ:

شیخ صاحب نے اپنی زندگی کا طویل حصہ (28 برس) دین کی خدمت کیلئے اس ادارے کو دیئے ہیں آپ کے سینکڑوں طلبہ اس وقت نہ صرف پاکستان بلکہ مختلف ممالک اور خصوصاً مالدیپ میں بڑے بڑے مناصب پر فائز ہیں۔ جامعہ کے قواعد وضوابط کو ملحوظ رکھا۔ ہمیشہ وقت کی پابندی کی بلاشبہ آپ اساتذہ کیلئے بھی ایک بہترین نمونہ ہیں۔ میں آپ کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔ شیخ صاحب نے جس طرح سے یہاں وقت گزارا ہم انہیں ایک لمحہ کیلئے بھی فراموش نہ کر پائیں گے۔ ہم انہیں بڑے افسوس اور غمگین دل کیساتھ الوداع کہتے ہیں اگر ہم سے انکے قدر ومنزلت اور وقار میں کوئی کوتاہی ہوئی ہو تو میں اپنی جانب سے، اساتذہ، طلبہ اور انتظامیہ کی جانب سے معذرت خواہ بھی ہوں۔ اتنا نفیس و عظیم آدمی شاید زندگی میں ہمیں دوبارہ نہ ملے یہ جہاں بھی جائیں اللہ کریم خوشیوں سے انکے دامن کو بھر دیں۔ آمین

الشیخ عبد الرحمن عبد اللطیف المحمود حفظہ اللہ تعالیٰ

حمد وثنا کے بعد فرمایا:

میں آپ لوگوں کا بہت شکر گزار ہوں آپ نے ہمارا بڑا خوبصورت استقبال فرمایا جزاکم اللہ خیر میں شیخ اسماعیل محمد صاحب کی خدمات پر انکا شکر گزار ہوں اور دعا گو بھی کہ اللہ تعالیٰ انکی جہود کو قبول فرمائے اور انہیں بابرکت بنائے۔ میں مدرسین وطلبہ کی خدمت میں محنت و جدوجہد کی تلقین کرونگا۔ اللہ تعالیٰ ان تمام کی کوششوں میں برکت فرمائے۔ آمین

نائیجیریا کے ہائی کمشنر مسٹر عمر الغاش صاحب:

سب سے پہلے جامعہ کے رئیس، پرنسپل اور دوسرے حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے مجھے یہاں آنے کا موقع دیا آپ لوگوں سے مل کر بڑی خوشی ہوئی اللہ تعالیٰ آپکے نیک کام قبول فرمائے۔ ہمیں دینی علوم کیساتھ ساتھ سائنس اور دوسرے علوم کی طرف بھی توجہ دینی چاہیے ہمارا آپس کا تعلق دین کا تعلق ہے۔ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ۔

جامعہ کی خدمات اور ماحول دیکھ کر بڑی خوشی ہوئی اللہ تعالیٰ اسکی تعلیم وترقی میں اضافہ فرمائے۔ آمین

☆اس موقع پر جامعہ کی جانب سے شیخ مالدیپی صاحب کو ایک شیلڈ نائیجیرین سفیر مسٹر عمر صاحب کے

ہاتھوں پیش کی گئی اور اسی طرح آپکی خدمات کے اعتراف کے طور ایک سند عبدالرحمٰن المحمود نائب مدیر مکتب دعوۃ کے ہاتھوں عنایت فرمائی گئی۔ اس موقعہ پر پرنسپل جامعہ سلفیہ نے فرمایا کہ یہ چیزیں اگر چہ رسمی ہیں مگر یادگار کے طور پروی جارہی ہیں۔

فضیلۃ الشیخ اسماعیل محمد صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ:

میں جامعہ سلفیہ کو کبھی بھی نہیں بھولوں گا میں نے اس مدت میں کبھی کوئی مشکل نہیں دیکھی نہ طلبہ نہ اساتذہ اور نہ ہی انتظامیہ کی جانب سے اس موقع پر میں مملکت سعودی عرب کا بھی مشکور ہوں کہ وہ میری حوصلہ افزائی کرتی رہی اور میں طلبہ کو بھی نہیں بھولوں گا وہ سب مجھ سے محبت کرتے ہیں میں ان تمام سے محبت کرتا ہوں۔ طلبہ کو میری نصیحت ہے کہ وہ اس حدیث کو مضبوطی سے تھامے رکھیں۔

"المسلم من سلم المسلمون من لسانه و يده"

میری تمام تر خدمات اسلام کیلئے وقف رہیں گی ان شاء اللہ۔ آخر میں میں یہاں آئے ہوئے تمام حضرات کا مشکور ہوں۔

رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمن طاہر صاحب:

میں خصوصی طور پر شیخ صاحب کا مشکور ہوں انہوں نے ہمارے بچوں کی تعلیم و تربیت میں اہم کردار ادا کیا جانے کے بعد آپکا ہمارے ساتھ رابطہ ٹوٹنا نہیں چاہیے بلکہ زیادہ سے زیادہ طلبہ بھیجتے رہیں ہمیں خوشی ہوگی کہ آپ یہاں دوبارہ آئیں اور بچوں کو بھیجیں ہم ویلکم کریں گے اگر انتظامیہ کی جانب سے کوئی غلطی ہوئی ہو تو میں معافی کا طلب گار ہوں اور دعا کا بھی۔ اس موقع پر رئیس الجامعہ نے ایک لاکھ روپے کی خطیر رقم شیخ صاحب کی خدمت میں یہ کہتے ہوئے پیش کی کہ یہ میں اپنے دل، پیار اور محبت سے دے رہا ہوں۔ یہ آپکے اور آپ کے بچوں کیلئے ہے۔

دعا:

بالآخر یہ مبارک پروگرام شیخ الجامعہ حافظ عبد العزیز علوی حفظہ اللہ تعالیٰ کی دعا کیساتھ اختتام پذیر ہوا۔

ظہرانہ:

پروگرام کے بعد شیخ صاحب کے اعزاز میں تمام مہمانان گرامی کیلئے بہترین اور پرتکلف کھانے کا اہتمام تھا مہمان نوازی کے فرائض جامعہ کے طلبہ و اساتذہ نے بڑی خوش اسلوبی سے ادا کیئے۔

الوداعی روانگی:

بعد ازاں شیخ صاحب نے اراکین انتظامیہ، اساتذہ و طلبہ جامعہ و دیگر احباب و اخوان سے فرداً فرداً ملاقات کی یہ سلسلہ مغرب کے بعد تک جاری رہا۔ نماز مغرب کے بعد شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی صاحب، مولانا محمد یونس صاحب، چوہدری محمد یٰسین ظفر صاحب، مفتی عبدالحنان زاہد صاحب اور مولانا محمد اسماعیل صاحب دیگر اساتذہ کرام و طلبہ جامعہ کے ہمراہ جناب شیخ کو ائیر پورٹ پر الوداع کہنے کیلئے تشریف لے گئے۔ اور اس وقت تک وہاں ٹھہرے رہے جب تک کہ جناب شیخ صاحب کا تمام معاملہ کلئیر نہ ہوگیا۔ اللہ تعالیٰ تمام بزرگوں کو صحت و ایمان سے مزین طویل عمر عطا فرمائے اور ان کی جہود و مساعی کو قبول فرمائے۔ آمین

انٹرنیشنل محفل حسن قرأت

پچھلے دنوں مختلف ممالک سے بین الاقوامی ایوارڈ یافتہ قراء کرام پاکستان آئے ہوئے تھے اس موقع پر سلفیہ کے صدر میں نعیم الرحمٰن نے انہیں خصوصی دعوت دی کہ وہ جامعہ میں تشریف لائیں تفصیل قومی اخبارات میں بھی شائع ہوچکی ہے۔ قراء کرام کا یہ وفد ۶ صفر المظفر ۱۴۲۶ بمطابق ۱۷ مارچ ۲۰۰۵ء بروز جمعرات بعد از نماز ظہر تقریباً دو بجے گاڑیوں کی قطار در قطار جامعہ میں تشریف لائے۔

جسمیں بین الاقوامی شہرت یافتہ قراء کرام جناب قاری عبداللطیف صاحب ﴿سعودی عرب﴾، قاری احمد الرزیقی صاحب ﴿مصر﴾، قاری عبدالباسط عبدالصمد مرحوم کے فرزند ارجمند قاری یاسر عبدالصمد صاحب ﴿مصر﴾، قاری گندم نجاد الطوسی المعروف سعید طوسی ﴿ایران﴾، قاری حمد سنان ﴿کویت﴾، قاری ناظم الحسن صاحب ﴿بنگلہ دیش﴾، قاری گرسل ترحان ﴿ترکی﴾، قاری قادر تیمل صاحب ﴿ترکی﴾، حافظ عزیز علیلی صاحب ﴿کروشیا﴾، قاری محمد ناصر محمدی صاحب ﴿افغانستان﴾، قاری مصطفیٰ مومن صاحب ﴿مراکش﴾، قاری سید صداقت علی شاہ صاحب ﴿پاکستان﴾ اور مولانا عبدالخبیر صاحب آزاد خطیب شاہی مسجد لاہور، اظہر لودھی، نائیجیرین سفیر مسٹر عمر الغاش صاحب اور انکے رفقاء، برطانیہ سے حاجی محمد اسحاق صاحب مسئول مرکزی جمعیت اہل حدیث برطانیہ اور اسی طرح کئی ایک دوسرے علماء کرام بھی شامل تھے۔

جامعہ کی عالی شان مسجد میں پروگرام کا اہتمام تھا جہاں اساتذہ کرام اور طلبہ مہمانانِ گرامی کا انتظار کررہے تھے۔

سب سے پہلے جامعہ کے نائب شیخ الحدیث حافظ مسعود عالم صاحب نے عربی میں سپاسنامہ پیش کیا اسکے بعد پروفیسر یٰسین ظفر صاحب چوہدری پرنسپل جامعہ سلفیہ مائک پر تشریف لائے اور فرمایا ہمیں مہمانان گرامی کی تشریف آوری پر دلی مسرت و خوشی ہوئی اور ساتھ ہی مختصر طور پر جامعہ کا تعارف اور خدمات پر روشنی ڈالی اور آخر میں انہوں نے نیوز کاسٹر جناب اظہر لودھی صاحب معروف نیوز کاسٹر سے گذارش کی کہ وہ سٹیج سیکرٹری کے فرائض سرانجام دیں۔ باقی پروگرام مقررین کی زبانی سنیئے۔

جناب اظہر لودھی صاحب

حاضرین محفل میں رئیس الجامعہ اور آپ سب کا دل کی گہرائیوں سے ان قراء کرام کا گلدستہ سجانے پر شکر گزار ہوں اس میں سیکرٹری مذہبی امور حکومت پنجاب جناب محمد جاوید اقبال اعوان صاحب اور قاری سید

صداقت علی شاہ صاحب کا بڑا کردار ہے جامعہ سلفیہ اپنی کامیاب پالیسیوں اور کارناموں کے ساتھ اس سال اپنے قیام کی پچاسویں سالگرہ منا رہا ہے اس پر میں تمام علماء و اساتذہ اور میاں نعیم الرحمٰن طاہر صاحب کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں۔

اسکے بعد یکے بعد دیگرے جناب قاری عبد اللطیف صاحب ﴿سعودی عرب﴾، قاری گندم نجاد الطوسی المعروف سعید طوسی ﴿ایران﴾، قاری نوید الحسن مدرس جامعہ سلفیہ ﴿پاکستان﴾، قاری عبد الباسط عبد الصمد مرحوم کے فرزندار جمند قاری یاسر عبد الصمد صاحب ﴿مصر﴾ اور قاری احمد الرزیقی ﴿مصر﴾ نے تلاوتیں فرمائیں اور ایک بہترین سما قائم کر دیا۔ واقعتاً فرشتے اس محفل کو گھیرے ہوئے تھے اور رحمتوں اور برکات کا نزول ہو رہا تھا۔

قراء کرام کو سامعین کی داد، سبحان اللہ، ماشاء اللہ اور بارک اللہ وغیرھم سے مسجد کی گونج ایک خوبصورت سما پیش کر رہی تھی۔ اور قرآن کریم کے سننے کی حقیقی سکینت و سرور اور شیرینی و حلاوت محسوس ہو رہی تھی۔

رئیس الجامعہ میاں نعیم الرحمان طاہر صاحب

میں اپنے قراء حضرات، قاری صداقت علی صاحب، نائیجیرین سفیر صاحب، سیکرٹری صاحب اور جو بھی ہمارے لوگ یہاں آئے ہوئے ہیں ان تمام کا تہہ دل سے مشکور ہوں کہ انہوں نے ہمیں عزت بخشی میں یہی کہوں گا۔ ؎

کہاں یہ مرتبہ میرا کہ تکلیف شراکت دوں
مگر مہمان فقیروں کے ہوئے ہیں بادشاہ اکثر

دعا:

اس بابرکت و روح پرور محفل کا اختتام قاری احمد الرزیقی صاحب مصری کی دعا کیساتھ ہوا اسکے بعد تمام مہمانان گرامی کی خدمت میں بڑا پرتکلف ظہرانہ پیش کیا گیا۔ مہمان نوازی کے فرائض طلبہ جامعہ سلفیہ نے سرانجام دیئے جبکہ اساتذہ کرام انکی نگرانی فرما رہے تھے۔ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے۔

آمین یا رب العلمین

قارئین توجہ فرمائیں

جن احباب کا سالانہ زر تعاون ختم ہو چکا ہے ان کے مجلّہ میں مخصوص دائرے میں سرخ نشان سے نشاندہی کی جا رہی ہے کہ وہ احباب اولین فرصت میں سالانہ زر تعاون مبلغ 150 روپے بذریعہ منی آرڈر ارسال فرمائیں۔ بصورت دیگر آئندہ ماہ سے ان کے نام مجلّہ بند کرنے پر ادارہ مجبور ہوگا۔ (ادارہ)

مضمون نگار حضرات کی خدمت میں چند گزارشات

۱۔ مضمون فل اسکیپ صفحہ کی ایک جانب تحریر فرمائیں۔

۲۔ فوٹو کاپی کی بجائے اصل تحریر ارسال فرمائیں۔

۳۔ مضمون بھیجنے کے بعد باری کا انتظار فرمائیں۔

۴۔ مضمون لکھتے وقت مکمل حوالہ درج کریں، مثلاً صفحہ نمبر، جلد نمبر باب وغیرہ

﴿ادارہ﴾

اپنی تجارت کو فروغ دینے کیلئے
مجلہ ترجمان الحدیث
میں اشتہار دیں

انتہائی معقول ریٹ۔۔۔۔۔۔۔۔ بہترین سرکولیشن

بیک ٹائٹل	5000 روپے
بیک ٹائٹل اندرون	4000 روپے
فل صفحہ اندرون	3000 روپے
نصف صفحہ اندرون	1500 روپے
چوتھائی صفحہ اندرون	800 روپے
عام چھوٹے اشتہارات	500 روپے

رابطہ کیلئے: منیجر مجلہ ترجمان الحدیث، جامعہ سلفیہ فیصل آباد
فون: 041-8780274 / 374

سائن بورڈ، کلاتھ بینر، سکرین پرنٹرز اور اشتہارات کی کتابت کیلئے
حافظ پبلسٹی
کاتب پینٹرز
سی مار بلز پرانا لاری اڈا شیخوپورہ
04931-53331-613069
پروپرائیٹرز: حافظ شبیر احمد سجاد

اصل کرنڈی، لٹھا سفید، لٹھا رنگدار پختہ کلر،
کاٹن سفید و رنگدار پختہ کلر
ہر قسم کی مردانہ ورائٹی کا مرکز
فیصل یعقوب کلاتھ مرچنٹ
041-633809
Mob# 0300-9653599
پنجاب بلاک مدینہ بازار P-162 کی کلاتھ مارکیٹ فیصل آباد